اُردو (لازمی)	انٹر (پارٹ-II)	پرچہ II: (معروضی طرز)
وقت: 20 منٹ	2018ء (دوسرا گروپ)	کل نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے:

1-1- حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے جب وفات پائی تو ترکہ میں دینار چھوڑے:

(a) سترہ ✓ (b) ستر

(c) ستر سو (d) ستر ہزار

2- "اسبابِ بغاوتِ ہند" کس کی تصنیف ہے؟

(a) حالؔی (b) شبلؔی

(c) سرسید ✓ (d) مولوی نذیر احمد

3- نواب محسن الملک کو بہت شوق تھا:

(a) سیر کا (b) تحریر کا

(c) تقریر کا (d) مطالعے کا ✓

4- زبیر کو کس نے پھانسی دی:

(a) جلاد نے (b) اس کے باپ نے ✓

(c) عبداللہ نے (d) فوج نے

5- مسلمان حکمرانوں نے مواصلات کے لیے کون سا جداگانہ محکمہ قائم کیا:

(a) الجرید (b) دیوان البرید ✓

(c) دیوان الحبیب (d) دیوان الرشید

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

6- آپ کے مزاج۔۔۔۔:

(a) کیا ہیں
(b) کس طرح ہیں
(c) کیسے ہیں ✓
(d) کیسا ہیں

7- "کلیاتِ مجید امجد" چھپ۔۔۔۔:

(a) گئے
(b) گئی ✓
(c) گیا
(d) گئیں

8- ۔۔۔۔انگلیاں برابر نہیں ہوتیں:

(a) پانچ
(b) پانچوں ✓
(c) سات
(d) دس

9- میں نے ارشد۔۔۔۔کتاب دی:

(a) کو ہی
(b) ہی کو ✓
(c) کو تو
(d) جی کو

10- جوں جوں اُوپر جاتے گئے۔۔۔۔سردی بڑھتی گئی:

(a) ویسے ویسے
(b) ایسے ہی
(c) توں توں ✓
(d) پھر

رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

11- (:-) علامت ہے:

(a) سوالیہ
(b) تفصیلیہ ✓
(c) رابطہ
(d) سکتہ

12- علی-افہام-خیام اور ریحان گہرے دوست ہیں:

(a) ؟
(b) ؛
(c) ، ✓
(d) :

13- سوالیہ کی تعریف ہے:

(a) سوال پوچھنا ✓
(b) جواب دینا
(c) فقرے کی تکمیل
(d) مختصر ٹھہراؤ

14- جو کرے گا۔۔۔سو بھرے گا:

(a) ؛
(b) ،
(c) : ✓
(d) :-

15- جملہ معترضہ کو۔۔۔لکھا جاتا ہے:

(a) واوین میں
(b) قوسین میں ✓
(c) تفصیلیہ کے بعد
(d) سوالیہ کے ساتھ

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

16- آنا:

(a) وہ یہاں آیا۔
(b) تم میرے پاس آؤ۔
(c) مجھے کالج چھوڑ آؤ۔ ✓
(d) ذرا یہاں آنا۔

17- اٹھنا:

(a) وہ یہاں سے اُٹھا۔
(b) اس نے بوجھ اُٹھایا۔
(c) وہ اُٹھتے ہی گر گیا۔
(d) بچہ بھوک سے بلبلا اُٹھا۔ ✓

18- پانا:

(a) اس نے آخر کار اسے پالیا۔
(b) وہ اسے پانا چاہتا ہے۔
(c) میں دو ماہ تک یہ کام ختم کر پاؤں گا۔ ✓
(d) میرے لیے اسے پانا ممکن نہیں ہے۔

19- پڑنا:

(a) میرا گھر راستے میں پڑتا ہے۔
(b) اسے مجھ سے کام پڑ گیا۔
(c) وہ سکول میں پڑھتا ہے۔
(d) بلی چوہوں پر ٹوٹ پڑی۔ ✓

20- چاہنا:

(a) وہ اسے چاہتا ہے۔
(b) مجھے اس نے چاہا۔
(c) موسم خزاں آیا چاہتا ہے۔ ✓
(d) اسے چاہا گیا۔